# سالانہ پروگرام

## مجلس خدام الاحمدیہ واطفال الاحمدیہ بھارت

بابت سال یکم نومبر 2025 تا 31 اکتوبر 2026



## پیغام سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
## برموقع سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت اکتوبر 2025

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَعَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡد

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھو النّاصر

مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا سالانہ نیشنل اجتماع منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو ہر لحاظ سے بہت بابرکت اور کامیاب فرمائے اور تمام خدام اور اطفال کو اس کے جملہ پروگراموں سے مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آپ جو جماعت احمدیہ میں خدام اور اطفال کہلاتے ہیں آپ پر بہت اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ آپ کو خدا نے دنیا کی خدمت کیلئے پیدا کیا ہے اور اس کیلئے سب سے پہلے آپ کو خدا سے اپنا تعلق مضبوط بنانا ہے اور اس کے حضور جھکتے ہوئے اپنی عبادتوں کے معیاروں کو بلند سے بلند تر کرتے چلے جانا ہے۔ پس خاص طور پر اپنی پنجوقتہ نمازوں کو باقاعدگی اور خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنے کی عادت ڈالیں اور قرآن کریم کی تلاوت اور

اس کی تعلیمات پر عمل کرنا اپنی زندگیوں کا معمول بنائیں۔ جیسے جیسے آپ کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق بڑھے گا آپ کے ایمان ویقین میں پختگی پیدا ہوتی چلی جائے گی جس کے نتیجہ میں پھر اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے بے شمار فضلوں اور انعامات کا وارث بنائے گا۔ اور آپ ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے دنیا اور معاشرہ میں امن وسلامتی کی فضاء قائم کرنے والے ہوں گے۔ انشاء اللہ۔ لیکن اس کیلئے بہت محنت اور کوشش کی ضرورت ہے۔ خلافت احمدیہ کے ساتھ اخلاص ووفا کے تعلق کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ خلیفہ وقت کے ہر حکم اور ہر ارشاد پر دل وجان سے عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہی وہ بنیاد ہے جس کے نتیجہ میں پھر آپ کیلئے ترقی اور کامیابی کی راہیں کھلتی چلی جائیں گی۔ یاد رکھیں کہ آپ کی تمام تر ترقیات کا راز خلافت سے وابستگی میں پنہاں ہے۔ اور اس سے اخلاص ووفا کا تعلق ہمیشہ آپ کو دین ودنیا میں سرخرو کرتا چلا جائے گا۔ انشاء اللہ

احمدی خدام کی ایک اور بہت بڑی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ آپ نے اپنی آئندہ نسلوں کی تربیت کی طرف خصوصی توجہ دینی ہے اور انہیں جماعت کے ساتھ مضبوطی سے جوڑے رکھنا ہے۔ اپنے گھروں میں نیکی، تقویٰ اور محبت کا ماحول قائم کرنا ہے تاکہ بچے آپ کے عملی نمونوں کو دیکھ کر سبق حاصل کریں اور اسلام کی تعلیمات سے روشناس ہو کر آنے والے زمانہ میں دنیا میں امن وسلامتی کا پیغام اور اسلام کی خوبصورت تعلیمات کو پھیلانے والے بنیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''خود نیک بنو اور اپنی اولاد کیلئے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقی اور

دیندار بنانے کیلئے سعی اور دعا کرو۔ جس قدر کوشش تم ان کیلئے مال جمع کرنے کی کرتے ہو اسی قدر کوشش اس امر میں کرو۔ خوب یاد رکھو کہ جب تک خدا تعالیٰ سے رشتہ نہ ہو اور سچا تعلق اس کے ساتھ نہ ہو جاوے کوئی چیز نفع نہیں دے سکتی۔'' (ملفوظات جلد 7 صفحہ 320)

اگر آپ ان ذمہ داریوں کو سمجھیں گے اور انہیں احسن رنگ میں نبھانے کی کوشش کریں گے تو اللہ تعالیٰ کی برکتوں کو حاصل کرنے والے ہوں گے اور جماعت کے روشن مستقبل کی بنیادوں کو پختہ کرتے چلے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس اجتماع کو آپ کیلئے ایک روحانی انقلاب کا ذریعہ بنائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

مبارک دستخط حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

# پیغام محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## قائدین خصوصی توجہ کریں!

ہر سال کی طرح امسال بھی مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا سالانہ پروگرام بابت سال 2025-26ء (یکم نومبر 2025ء تا 31/ اکتوبر 2026ء) تشکیل دے کر پیش کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ کے کاموں کی تفصیل اور طریق کار لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ میں بنیادی طور پر موجود ہے۔ لائحہ عمل کا مطالعہ ہر عہدیدار کیلئے لازمی ہے۔ مجالس کی سہولت کیلئے اور مجالس کی کارکردگی کو یکساں اور متحد کرنے کیلئے گذشتہ کئی سالوں سے سالانہ پروگرام کی شکل میں مجالس کے کاموں کا شیڈیول تیار کیا جاتا ہے اور ہر کام کیلئے تاریخیں مقرر کی جاتی ہیں تا کہ ہندوستان کی تمام مجالس مقررہ تاریخ میں مقررہ پروگرام کا اہتمام کرسکیں۔

لیکن یہ امر دیکھنے میں آرہا ہے کہ ابھی بھی بعض مجالس مکمل طور پر سالانہ پروگرام کی پابندی نہیں کررہی ہیں۔ اگر مجالس اس سالانہ پروگرام کی پابندی کریں تو ان کی کارکردگی میں غیر معمولی بہتری اور تیزی پیدا ہوسکتی ہے۔ احباب جماعت کی ایک بنیادی اور امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ وہ متحد ہوکر کام کرتے ہیں اور اپنا جلال دکھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم سب ایک نظام میں پروئے گئے ہیں اور خلافت کی آسمانی قیادت کے زیر سایہ خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم مرکزی لائحہ عمل اور پروگرام کی

تعمیل اور پابندی کریں۔

اس پروگرام کے شروع میں سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے احباب جماعت انڈیا کی تربیت کیلئے بیان فرمودہ چار ہدایات درج ہیں۔ یہ چار ہدایات ہمارے لئے بنیادی اور مستقل لائحہ عمل ہے جس کے گرد خدام الاحمدیہ کے جملہ کام گردش کرتے ہیں۔تمام قائدین ان چاروں ہدایات کی تعمیل کروانے کے سلسلہ میں ہمہ تن محنت اورتوجہ سے خدمت کرتے ہوئے موئثر کارروائی کریں۔

اپریل 2021 میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے ملکی مجلس عاملہ کو سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ Virtual ملاقات کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔اس میٹنگ میں پیارے آقا نے تفصیل سے ہر شعبہ کے متعلق راہنمائی فرمائی ہے۔اس کے مطابق عمل کرنے کی ہم سب کو ضرورت ہے۔

اسی طرح سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025 کیلئے **''خدام الاحمدیہ کے مقاصد: تقوی، خلافت، خدمت''** کی تھیم منظور فرمائی ہے۔ خدام واطفال کو اس طرف خصوصی توجہ دینی کی ضرورت ہے اعمال کی درستی اور قرب الٰہی کی جستجو ہمارا ہدف ہونا چاہئے۔ایمان اور اعمال صالحہ کی بدولت ہی ہم خلافت کی برکات سے صحیح رنگ میں مستفید ہو سکتے ہیں۔اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت خلیفۃ المسیح کا سلطان نصیر بنائے اور خلافت کے حقیقی وفا شعاروں میں ہمارا شمار ہو۔آمین

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجالس کے مابین موازنہ کو تجنید

کے اعتبار سے درج ذیل تفصیل کے مطابق تقسیم کیا گیا ہے۔مجالس اس کو بھی ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے مفوضہ فرائض کو سرانجام دیں:

| | |
|---|---|
| گروپ (الف) معیار اوّل | ایسی مجالس جنکی تجنید 50 یا اُس سے زائد ہے |
| گروپ (ب) معیار دوم | ایسی مجالس جنکی تجنید 21 سے 49 کے درمیان ہے |
| گروپ (ج) معیار سوم | ایسی مجالس جنکی تجنید 20 سے کم ہے |

اللہ تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو اور سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی توقعات عالیہ کے مطابق خدمات دینیہ بجالانے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔آمین۔

نیاز احمد نائک

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

# خصوصی ہدایات سیدنا حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
# چار نکاتی پروگرام

**(1) (باجماعت پنجوقتہ نماز)** تمام مرکزی مساجد اور جماعتی حلقوں کی مساجد میں پانچ وقت باجماعت نمازوں کی بھرپور حاضری کے ساتھ ادائیگی کی طرف خصوصی توجہ دی جائے اور اس سلسلہ میں حلقہ کی سطح کے تمام جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران سارا جائزہ لے کر نوٹ کریں کہ حلقہ کے کون کون سے احباب نمازوں میں سست ہیں۔ پھر ایسے تمام احباب کو حلقہ کی سطح کے جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران مناسب اور موثر رنگ میں توجہ دلوائیں اور ان عہدیداران کا توجہ دلانے کا طریق اتنا اچھا اور مؤثر ہونا چاہیئے کہ ایسے تمام احباب کو اپنی کمزوری کا احساس ہو اور وہ اپنی اصلاح کرلیں۔ بجائے اس کے کہ ایسا طریق اختیار کیا جائے کہ ایسے احباب الٹا عہدیداران سے ہی بدظن ہوجائیں اور اس کیلئے سب سے پہلے تمام مرکزی اور حلقہ کی سطح کے جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران کو اپنا اور اپنے بچوں کا نمونہ پیش کرنا ہوگا۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ عہدیداران یا ان کے بچے خود تو نمازوں میں کمزور ہوں اور دیگر احباب جماعت اور ان کے بچوں کو باجماعت نماز کی تلقین کریں۔

**(2) (درس القرآن وحدیث)** ہر مرکزی اور حلقہ کی مسجد میں نماز فجر اور نماز عصر کے بعد قرآن وحدیث کے درس کا باقاعدگی سے انتظام ہونا چاہیئے اور اس موقع پر بھی زیادہ سے زیادہ احباب کی حاضری کیلئے بھی حلقہ کی سطح کی تمام جماعتی اور ذیلی تنظیموں کی انتظامیہ کوشش کرے۔

**(3) (خطبہ جمعہ ودیگر خطابات حضورانور)** خلیفۂ وقت کے خطبہ جمعہ، اسی طرح عیدین اور

مختلف ممالک کے جلسوں اور ذیلی تنظیموں کے اجتماعات کے موقعہ کے خطابات احباب جماعت کو اجتماعی رنگ میں سنانے اور دکھانے کا بھی جماعتی انتظامیہ کی طرف سے مؤثر انتظام ہونا چاہئے۔اور اس کیلئے بھی سب سے پہلے تمام مرکزی، جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران کو اپنے بچوں کے ساتھ ان مواقع پر حاضر رہ کر اپنا نمونہ پیش کرنا ہوگا اور اس کے بعد دیگر احباب جماعت کو اس کی تلقین کرنا ہے۔

**(4) (ہفت روزہ اخبار بدر)** انڈیا کے احباب جماعت کی تربیت کیلئے جماعتی اخبار ہفت روزہ اخبار بدر کے اردو کے علاوہ ہندی اور کئی مقامی زبانوں میں بھی ایڈیشن شروع کئے گئے ہیں۔ان تمام ایڈیشنز سے احباب جماعت کس قدر فائدہ اٹھا رہے ہیں اس کا بھی جائزہ لیا جائے اور کوشش کی جائے کہ ہر گھر میں اس تاریخی جماعتی اخبار کا ایک پرچہ ضرور جائے۔

مذکورہ بالا ہدایات سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت انڈیا کی تربیت کیلئے بیان فرمائی ہیں۔

تمام قائدین کرام، زعماء کرام، ناظمین اطفال اور دیگر عہدیداران ان ہدایات کی سال بھر تعمیل کریں اور تمام خدام واطفال کو ان ہدایات کی تعمیل کا پابند بنائیں۔

## ❁ ریفریشر کلاسز برائے قائدین کرام ❁

لائحہ عمل کے مطابق خدام الاحمدیہ کے ہر سطح کے عہدیداران کیلئے ضروری ہے کہ اس نے لائحہ عمل اور دستور اساسی کا مطالعہ کیا ہو۔لہٰذا مجالس کیلئے سال میں کم از کم ایک مرتبہ ریفریشر کلاسز کا اہتمام کر کے جملہ عہدیداران کا تحریری امتحان لیکر نتیجہ ملکی دفتر کو بھجوانا نہایت ہی ضروری ہے تا کہ عہدیداران کو اپنی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا علم ہو سکے اور احسن رنگ میں خدام الاحمدیہ کے کام سرانجام دئے جاسکیں۔

لہٰذا ہندوستان بھر کی تمام ضلعی مجالس مورخہ 15/دسمبر 2025ء تک اپنے متعلقہ اضلاع میں ریفریشر کلاسز کا اہتمام کریں جس کے بعد ایسے کلاسز کے انعقاد کی رپورٹ علیحدہ دفتر خدام الاحمدیہ کو بھجوانا بھی لازمی ہوگا۔ ہر ضلع کے مجالس کے قائدین کرام اور ان کی مجلس عاملہ کے ممبران کیلئے ریفریشر کلاسز کا اہتمام کرنا ضلعی قائد کی ذمہ داری ہوگی۔ مقامی/علاقائی مجالس اپنی سہولت سے اپنے عہدیداران کا ریفریشر کورس منعقد کر سکتی ہیں۔ بہتر ہوگا کہ مقامی/علاقائی مجالس بھی سال کے شروع میں ہی اپنے عہدیداران کا ریفریشر کورس منعقد کر کے امتحان کا نتیجہ ملکی دفتر کو بھجوائیں۔

## ❁ مطالعہ کتب سکیم زیر اہتمام شعبہ تعلیم ❁

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفاء کرام کی کتب کے مطالعہ کی طرف خصوصی توجہ دلائی ہے۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی تعمیل میں شعبہ تعلیم ہر سال سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلفائے کرام کی چند کتب مطالعہ کیلئے مقرر کرتا ہے اور خدام سے یہ توقع رکھتا ہے کہ ہر خادم ضرور ان کتب کا مطالعہ کرے۔

اس سال شعبہ تعلیم نے سال بھر میں درج ذیل تفصیل کے مطابق کتب کو منتخب کیا گیا ہے ان کتب کو اجتماعی طور پر کلاسز کی صورت میں بھی اور Group Discussion کی صورت میں بھی پڑھایا جائے اور ان کتب سے بھرپور استفادہ کو یقینی بنایا جائے نیز خدام کو ذاتی طور پر بھی ان کتب کے مطالعہ کی تحریک کی جائے۔

اس سال مطالعہ کیلئے جو کتب مقرر کی گئی ہیں ان کا انگریزی، ہندی اور بعض علاقائی زبان میں تراجم جماعتی ویب سائیٹس پر بھی دستیاب ہیں۔

| | |
|---|---|
| نومبر 2025 | کشتی نوح (نصف اول) |
| دسمبر 2025 | کشتی نوح (نصف دوم) |
| جنوری 2026 | برکات الدعا |
| فروری 2026 | براہین احمدیہ (حصہ اول) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 1 تا 52 |
| مارچ 2026 | براہین احمدیہ (حصہ دوم ۔ نصف اول) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 55 تا 95 |

| | |
|---|---|
| اپریل 2026 | براہین احمدیہ (حصہ دوم ۔ نصف دوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 95 تا 131 |
| مئی 2026 | براہین احمدیہ (حصہ سوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 133 تا 162 |
| جون 2026 | براہین احمدیہ (حصہ سوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 163 تا 192 |
| جولائی 2026 | براہین احمدیہ (حصہ سوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 193 تا 222 |
| اگست 2026 | براہین احمدیہ (حصہ سوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 223 تا 252 |
| ستمبر 2026 | براہین احمدیہ (حصہ سوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 253 تا 282 |
| اکتوبر 2026 | براہین احمدیہ (حصہ سوم) روحانی خزائن، جلد 1 صفحہ 283 تا 312 |

## امتحان دینی نصاب

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق سال میں تین مرتبہ خدام کے دینی نصاب کا امتحان لیا جاتا ہے۔مرکز کی طرف سے خدام کے دونوں گروپوں (گروپ اوّل 15 سے 25 سال اور گروپ دوم 26 سے 40 سال) کے خدام کیلئے پرچہ جات بھجوا دیئے جائیں گے۔خاص طور پر خیال رکھیں کہ مجلس کا ہر خادم بشمول جملہ عہدیداران خدام کا اس امتحان میں شریک ہونا ضروری ہے۔مجلس کے جملہ خدام کی ابھی سے تیاری کروائیں۔ دینی نصاب امتحان منعقد کرنے کی تاریخیں اور نصاب ذیل میں درج ہے۔خدام کے دونوں گروپس کیلئے مشترکہ نصاب ہے البتہ پرچہ جات الگ الگ معیار کے ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| پہلا امتحان | 15 Feb 2026 | (1) قرآن مجید سورۃ الرعد (رکوع 1 تا 6) کل 6 رکوع<br>(2) کتاب: کشتی نوح |
| دوسرا امتحان | 24 May 2026 | (1) قرآن مجید سورۃ ابراہیم (رکوع 1 تا 7) کل 7 رکوع<br>(2) کتاب: برکات الدعا |
| تیسرا امتحان | 16 Aug 2026 | (1) قرآن مجید سورۃ الحجر (رکوع 1 تا 6) کل 6 رکوع<br>(2) کتاب: براہین احمدیہ حصہ اول و دوم |

اطفال کیلئے حزب بندی کے مطابق کتاب ''نصاب وقف نو'' بطور نصاب مقرر کی گئی ہے۔اس امر کا بھی خیال رکھیں کہ اگر کوئی طفل اردو نہیں جانتا ہے تو امتحان سے قبل ترجمہ کر کے پرچہ دیا جائے۔جملہ امتحانات کے جوابی پرچہ جات ضلعی قائدین کو بھجوائے جائیں۔

## ۞ مقابلہ انعامی مضمون نویسی ۞

امسال مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے شعبہ تعلیم کی جانب سے مقابلہ انعامی مضمون نویسی کا بھی انعقاد کروایا جا رہا ہے۔ ہندوستان بھر کی جملہ مجالس اپنے زیادہ سے زیادہ اراکین کو اس انعامی مقابلہ میں میں شامل ہونے کی تلقین کریں اور اس میں شمولیت کیلئے قائدین وان کی ممبران مجلس عاملہ ایسے خدام کی ہر ممکن معاونت بھی کریں۔ اس مقابلہ میں شامل ہونے کیلئے ضروری ہے کہ ہر سہ ماہ میں مقررہ عناوین میں سے کسی ایک پر ایک مضمون (آرٹیکل) زیادہ سے زیاہ 800 /الفاظ پر مشتمل ہندوستان کی کسی بھی زبان میں لکھ کر وقت مقررہ تک ملکی دفتر کو بھجوائیں۔

| موضوع (Theme) | عناوین (Topics) |
| --- | --- |
| دینی موضوع<br>(Last Date 31.01.2026) | (1) قرآن کریم اور جدید انکشافات<br>(2) عقل تو اندھی ہے اگر نیر الہام نہ ہو<br>(3) اسلام میں حقوق العباد کی اہمیت |
| ذاتی تجربہ<br>(Last Date 30.04.2026) | (1) قبولیت دعا اور میرا ذاتی تجربہ<br>(2) حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات و رہنمائیوں کا میرے زندگی پر اثر<br>(3) خدمت دین کی برکات ذاتی تجربات کی روشنی میں |

| | |
|---|---|
| دورہ جدید کے مسائل اور انکا حل<br>(Last Date 31.07.2026) | (1) اسلام میں جنگوں کے اصول<br>(2) اسلام اور حقوق انسانی (مثلاً: والدین کے حقوق، رشتہ داروں کے حقوق، ہمسایوں کے حقوق)<br>(3) عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْن - لغویات سے اجتناب |

**ضروری ہدایات :**

(۱) مقررہ وقت پر دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا مضمون بھجوانا ضروری ہوگا

(۲) پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والوں کو Cash Prize دیا جائے گا

(۳) چھ سے دس پوزیشن حاصل کرنے والے خدام کو بھی انعام سے نوازا جائے گا

(۴) مضمون کی اشاعت کے جملہ حقوق مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو حاصل ہوں گے

(۵) مضمون کے شروع میں مضمون نگار اپنا اور اپنے مجلس و ضلع کا نام اور رابطہ نمبر ضرور لکھے

## عناوین برائے اجلاسات

تربیتی اجلاسات میں درج ذیل عناوین پر تقاریر کا اہتمام کریں۔ علاوہ ازیں تربیتی اجلاسات میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دوران ماہ کے جملہ خطبات جمعہ کے اہم نکات اور خلاصہ پر بھی ڈسکشن کریں تا کہ خدام کو حضور انور کے خطبات کے اہم ارشادات کا علم ہو سکے۔

| | |
|---|---|
| نومبر 2025 | حصول تقویٰ کے ذرائع |
| دسمبر 2025 | زیارت مرکز اور جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کی اہمیت و برکات |
| جنوری 2026 | مالی قربانی کی اہمیت اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں |
| فروری 2026 | مجلس خدام الاحمدیہ کے قیام کی غرض و غایت |
| مارچ 2026 | حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مقام و مرتبہ |
| اپریل 2026 | واقف نو/ واقف زندگی کی عصر حاضر میں اہمیت و برکات |
| مئی 2026 | خلافت سے وابستگی میں ہی تمام برکات ہیں |
| جون 2026 | نظام وصیت کی تاریخ اور دور حاضر میں اسکی ضرورت |
| جولائی 2026 | خدمت دین و خدمت خلق کی اہمیت و فضیلت |
| اگست 2026 | حب الوطن من الایمان |
| ستمبر 2026 | النکاح من سنتی |
| اکتوبر 2026 | اسلامی تعلیمات کے مطابق انسانی صحت کی حفاظت کی اہمیت |

## ❁ تربیتی کیمپ/Workshop❁

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے اراکین وعہدیداران کی تعلیم وتربیت کیلئے منظور شدہ لائحہ عمل کے مطابق مجالس میں تربیتی کیمپس و Workshops کے انعقاد لازمی ہیں۔ ان کیمپس ورکشاپ میں ہستی باری تعالیٰ کے عنوان پر Outdoor پروگرام کا انعقاد کریں۔ اگر کسی مجلس کیلئے Outdoor پروگرام ممکن نہ ہوتو یہ پروگرام مسجد یا مشن ہاؤس میں منعقد کیا جائے۔ مجلس خدام الاحمدیہ کے تمام مجالس کے قائدین کرام اپنے ضلعی قائد صاحب سے مل کر ضلعی سطح پر ماہ فروری 2026 کے پہلے ہفتہ میں درجہ ذیل تفصیل کے مطابق جہاں تک ممکن ہوسکے اپنی اپنی مجالس میں ایک روزہ تربیتی کیمپس کے انعقاد کو یقینی بنائیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں ادا کرنے نیز خدام کی سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اعلیٰ توقعات کے مطابق تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مجوزہ پروگرام برائے تربیتی کیمپس درج ذیل ہے۔ پروگرام کی تفصیل کے مطابق جملہ قائدین وقت اور تاریخ مقرر کرلیں اور دفتر سے منظوری حاصل کرتے ہوئے تربیتی کیمپس کی انعقاد کو یقینی بنائیں۔ مناسب ہے کہ یہ پروگرام ماہ فروری میں کیا جائے۔

| |
|---|
| نماز تہجد |
| نماز فجر و درس |
| ناشتہ |
| کلاس بعنوان حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی تصنیف لطیف براہین احمدیہ کے اغراض و مقاصد اور اسے پڑھنے کے نتیجہ میں ہونے والے فوائد |

| |
|---|
| کلاس بعنوان کتاب الہام، عقل، علم اور سچائی کا تعارف |
| ہستی باری تعالیٰ کے متعلق سوال و جواب اور ڈسکشن پروگرام |
| کوئز مقابلہ خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز |
| ورزشی مقابلہ جات |

مذکورہ تفصیل کے مطابق تربیتی کیمپ کے پروگرام کو شیڈیول کر لیں۔ نیز وقت کے مناسبت سے مقامی مجلس اپنی طرف سے بھی پروگرام شامل کر سکتی ہیں۔

## ❁ سیمینار ❁

| | |
|---|---|
| کامیاب عائلی زندگی کا گُر | 15-02-2026 |
| حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مقام و مرتبہ | 14-06-2026 |
| قرآن کریم اور سائنس | 16-08-2026 |

## ❁ میڈیکل کیمپس ❁

لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ کے مطابق ضلعی مجالس کو دوران سال میڈیکل کیمپ کا انعقاد کرنا ازبس ضروری ہے۔ کیمپس کی نوعیت مجالس اپنے حالات کے حساب سے خود طے کر سکتی ہیں۔ آئی کیمپ، ڈینٹل کیمپ، شوگر کیمپ، میڈیکل چیک اپ کیمپ، ہومیوپیتھی کیمپ، Blood Donation کیمپ وغیرہ

کیمپ کے انعقاد کیلئے مجالس اپنی سہولت کے مطابق درج ذیل تفصیل کے مطابق کسی دن کو منتخب کر سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| World Health Day | 7 April |
| World Blood Donor Day | 14 June |
| Independence Day | 15 August |
| Heart Day | 29 September |

## ❁ یوم شجرکاری ❁

لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ کے مطابق ضلعی مجالس کو زیادہ سے زیادہ خدام واطفال کی شمولیت یقینی بناتے ہوئے دوران سال یوم شجرکاری کا انعقاد کرنا ازبس ضروری ہے۔ یوم شجرکاری کی نوعیت اور وقت مجالس اپنے حالات کے حساب سے خود طے کر سکتی ہیں۔

یوم شجرکاری کیلئے مجالس اپنی سہولت کے مطابق درج ذیل اہم دنوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے تاریخوں کو منتخب کریں۔

| | |
|---|---|
| World Water Day | 22 March |
| Earth Day | 22 April |
| World Enviroment Day | 6 June |
| International Day of Peace | 3 September |

## ﷽ پروگرام ''یوم تبلیغ'' ﷽

یوم تبلیغ کے موقعہ پر درج ذیل تفصیل کے مطابق کام کیا جائیگا۔

(1) ہر یوم تبلیغ کا آغاز نماز تہجد سے کیا جائے

(2) نماز فجر کے بعد تبلیغ کے تعلق سے خصوصی درس القرآن کا اہتمام کیا جائے

(3) یوم تبلیغ کی کامیابی کیلئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں خط لکھا جائے

(4) یوم تبلیغ پر نکلنے سے پہلے صدقات کی ادائیگی کی جائے۔

(5) یوم تبلیغ پر نکلنے سے پہلے کم از کم ایک گھنٹہ کی motivational کلاس کا انعقاد تبلیغی مہم میں نکلنے والی ٹیم کے ساتھ کیا جائے جس میں ان کو اس کام کی اہمیت و مقاصد خلفاء کرام کے اقتباسات کی روشنی میں سمجھا کر تبلیغ کیلئے motivate کیا جائے۔ نیز اس بات کو بھی خصوصی طور پر سمجھایا جائے کہ ہم یہ کام اس لئے کر رہے ہیں تا لوگوں کو خدا کی معرفت حاصل ہو سکے۔

(6) ہمارے نمائندگان جب بھی یوم تبلیغ کیلئے نکلیں تو جن احباب کو پیغام حق پہنچائیں ان کو www.alislam.org ویب سائٹ، شعبہ نور الاسلام کا Blog (Light of Islam)، جماعتی ٹول فری نمبر 18001032131 اور ہمارے پروگرام جو youtube میں موجود ہیں اُن کا تعارف کروا کر انکا Youtube Link انکو ضرور بتائیں اور جن سے بھی ملاقات کریں اُن سے کوشش کر کے ان کا email id اور whatsapp نمبر انتہائی حکمت اور اعتماد میں لیتے ہوئے لیں تا کہ انہیں Email اور whatsapp کے ذریعہ تبلیغی مواد لگاتار بھجوایا جا سکے۔

(7) اس طرح جن سے بھی ملاقات کریں اُنہیں بڑے پیار، حکمت کے ساتھ حضرت مسیح موعود

علیہ السلام اور خلفاء کرام کی کتب کا تعارف کرایا جائے اور انہیں alislam ویب سائٹ کا link دے دیا جائے تا کہ وہ یہ کتاب اردو، انگریزی، ہندی یا اپنی علاقائی زبان میں پڑھ سکیں۔

**نوٹ:** مجالس اپنی سہولت کے مطابق ہفتے کے کسی بھی دن یوم تبلیغ منا سکتی ہیں۔

- **پہلا یوم تبلیغ (مہینہ کا پہلا ہفتہ/ اتوار)** پہلے یوم تبلیغ میں احباب جماعت اپنے زیادہ سے زیادہ رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو تبلیغ کریں اور جماعت کی امن کے تعلق سے کی جارہی کاوشوں کا تذکرہ کرتے ہوئے جماعتی لٹریچر فراہم کروائیں۔
- **دوسرا یوم تبلیغ (مہینہ کا دوسرا ہفتہ/ اتوار)** اس یوم شہر کے تمام سرکاری (I.A.S آفیسر، پولیس آفیسر وغیرہ)، پولیٹیکل اور مذہبی لیڈران سے ملاقات کر کے انکو پیغام حق پہنچایا جائے۔
- **تیسرا یوم تبلیغ (مہینہ کا تیسرا ہفتہ/ اتوار)** اس دن شہر کے تمام ججز، وکلاء، انجینئرز، ڈاکٹرز، CA، آرکیٹیکٹ اور دیگر پیشاور احباب کو پیغام حق پہنچایا جائے۔
- **چوتھا یوم تبلیغ (مہینہ کا چوتھا ہفتہ/ اتوار)** اس دن اپنے شہر کے کالج، یونیورسٹی کے پرفیسران اور طلباء کو پیغام حق پہنچایا جائے۔
- **پانچواں یوم تبلیغ (مہینے کے کسی اور دن)** اس دن گذشتہ 4 یوم تبلیغ میں جن احباب نے جماعت کے پیغام کو سننے میں دلچسپی دکھائی ہو ان تمام کے ساتھ لوکل جماعت کے وسائل سے تبادلہ خیالات کیلئے مسجد یا مشن ہاؤس میں بلانے کا اہتمام کیا جائے تا ان سے تفصیلی گفتگو کی جا سکے۔ اس موقع پر حسب ضرورت مجلس سوال و جواب کا بھی اہتمام کیا جا سکتا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ذریعہ قیام امن کی کاوشوں پر مبنی ڈاکیومینٹری، حضور انور کے پارلیامنٹ، یونیورسٹیز کے مختلف خطابات، پریس اینڈ میڈیا سے گفتگو اور دیگر مجالس سوال و جواب کو بھی دکھایا جا سکتا ہے تا کہ لوگوں کے اندر مزید انہیں

خود سے ہماری ویب سائٹ پر دیکھنے کی تڑپ پیدا ہو جائے۔اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلفاء کرام کی کتب کا تعارف بھی کرایا جائے تا کہ لوگوں میں انہیں پڑھنے کا شوق پیدا ہو۔

**ضروری نوٹ** : سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کیلئے کل 200 بیعتیں کروائے جانے کا ٹارگیٹ مقرر فرمایا ہے۔اس ٹارگیٹ کو حاصل کرنے کی مجالس کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے اور اسی طرح داعیان الی اللہ کو اچھے رنگ میں فعال کرنے کی ضرورت ہے۔

## ❁ ہفتہ تبلیغ ❁

مجالس دوران سال کم از کم تین مرتبہ ہفتہ تبلیغ منعقد کئے جائیں۔مجالس ماہ جنوری، اپریل اور ستمبر کے مہینے میں ہفتہ تبلیغ منعقد کرنے کی کوشش کریں۔

## ❁Connecting Hands❁

رمضان کے مہینے میں Connecting Hands کے بینر کے تحت پروگرامز منعقد کئے جائیں۔جس میں غیر از جماعت اور غیر مسلم احباب کو تبادلہ خیالات کی نیت سے کسی جگہ مدعو کیا جائے اور حسب گنجائش ان کے افطار کا انتظام کیا جائے اور قومی یکجہتی اور پیشوایان مذاہب کے احترام پر بات کی جائے۔

## ۞ حسن کارکردگی مقامی مجالس ۞

اس کیلئے بھارت کی جملہ مقامی مجالس خدام واطفال کے درمیان کارکردگی کے لحاظ سے موازنہ ہوگا۔ ہر سہ گروپ کا موازنہ الگ الگ ہوگا۔ اور سال بھر کی کارگزاری کے لحاظ سے مقامی مجالس میں پہلی دس پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک دستخطوں والی سندات سے نوازا جائے گا۔ گروپ کی تقسیم درج ذیل تفصیل کے مطابق کی گئی ہے:

| | |
|---|---|
| گروپ (الف) معیار اوّل | ایسی مجالس جنکی تجنید 50 یا اُس سے زائد ہے |
| گروپ (ب) معیار دوم | ایسی مجالس جنکی تجنید 21 سے 49 کے درمیان ہے |
| گروپ (ج) معیار سوم | ایسی مجالس جنکی تجنید 20 سے کم ہے |

مجلس خدام الاحمدیہ کے ہر گروپ کی پہلی دس مجالس کو سندات سے نوازا جائے گا۔ اسی طرح ضلعی مجالس میں پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کو بھی سندات سے نوازا جائے گا۔ مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت کی جملہ مجالس کے مابین بھی موازنہ کیا جائے گا۔ گروپ اول اور دوم کی پہلی دس اور گروپ سوم کی پہلی پانچ مجالس کو سندات سے نوازا جائے گا۔ لائحہ عمل میں وہ جملہ امور درج ہیں جو موازنہ کے وقت ملحوظ رکھے جائیں گے۔

# تفصیل پروگرام سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ
# ومجلس اطفال الاحمدیہ بھارت 2026

## تھیم (Theme)

سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2025ء کیلئے پیارے امام سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے **"تقویٰ، خلافت، خدمت"** کی تھیم (Theme) کو منظور فرمایا تھا۔ لہٰذا اس سال تمام مجالس میں ہونے والے اجتماعات اسی کے مطابق منعقد کئے جائیں۔ نیز اجتماعات میں اسی Theme کے مطابق خصوصی تقریب، مذاکرہ جات اور دیگر دلچسپ پروگرامز بھی منعقد کئے جائیں۔

## (مرکزی اجتماع میں حصہ لینے کا معیار)

اس سلیبس کے مطابق مقامی وضلعی اجتماعات کے مقابلہ جات منعقد کروائے جائیں۔

(1) قائدین اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ جس مجلس میں دوران سال مقامی اجتماع کا انعقاد کیا جائے گا اُسی مجلس کے خدام واطفال کو مرکزی سالانہ اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لینے کیلئے تیار کر کے قادیان لانے کی کوشش کریں۔ اگر کسی مجبوری کی وجہ سے وہ نہ شامل ہو سکتے تو اس صورت میں کسی اور کو حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔ قائدین اسکے ذمہ دار ہوں گے۔

(2) علمی وورزشی مقابلہ جات میں حصہ لینے والے خدام واطفال کی فہرست وٹیموں کے اسماء مقامی/ضلعی قائد کی طرف سے اجتماع سے قبل دفتر کو بذریعہ ڈاک یا Mail موصول ہونے ضروری ہیں۔ پروگرام اجتماع کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**ضروری ھدایت:** جملہ ضلعی قائدین/ قائدین مجالس کوتاکید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مقامی/ضلعی اجتماعات کم ازکم اس پروگرام کے مطابق ہی منعقد کریں۔

## (علمی مقابلہ جات خدام)

علمی مقابلہ جات خدام کیلئے گروپ بندی درج ذیل طریق کے مطابق ہوگی۔

**گروپ (الف):** اس گروپ میں وہ خدام شامل ہوں گے جو مبلغ، معلم یا حافظ ہیں یا پھر جامعہ احمدیہ قادیان میں زیر تعلیم ہیں۔

**گروپ (ب):** اس گروپ میں دیگر تمام خدام شامل ہوں گے۔

**مقابلہ حسن قرأت** (وقت 2 منٹ، ہر دو گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا) تلاوت قرآن کریم زبانی کریں۔ٹیسٹ کے وقت اس بات کوملحوظ رکھا جائیگا کہ جو خادم تلاوت زبانی نہیں کریگا وہ مقابلہ میں حصہ لینے کا مستحق نہیں ہوگا۔

نصاب: سورۃ یٰس (آخری رکوع) سورۃ الحشر (آخری رکوع)

**مقابلہ نظم خوانی** (وقت 2 منٹ) یہ مقابلہ ہر دو گروپ (الف، ب) کا الگ الگ ہوگا۔

حضرت مسیح موعودؑ، خلفاء کرام اور مشہور احمدی شعراء کے کلام میں سے نظم پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ تقاریر** (وقت 3 منٹ) یہ مقابلہ ہر دو گروپ (الف، ب) کا الگ الگ ہوگا۔

عناوین: (1) ہر اِک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے (2) مرامقصود ومطلوب وتمنا خدمت خلق است (3) خلافت امن عالم کی ضامن (4) قرآن اور سائنس (5) درویشان قادیان

**مقابلہ کوئز (QUIZ)** (دوممبر پر مشتمل ٹیم) نصاب (1) کتاب عصر حاضر کے مسائل اور انکا حل (2) جنرل نالج وحالات حاضرہ (3) خطبات جمعہ حضور انور فرمودہ نومبر 2025 تا جنوری 2026

☆مشاہدہ معائنہ(انفرادی) ☆ پیغام رسانی(7ممبر پر مشتمل ٹیم)

☆پرچہ ذہانت(انفرادی) ☆ بیت بازی (3ممبر پر مشتمل ٹیم)

**مقابلہ حفظ قرآن مجید:**

گروپ(الف) کیلئے نصاب: سورۃ الکہف کا پہلا اور آخری رکوع، سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الغاشیہ

گروپ(ب) کیلئے نصاب: سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الغاشیہ

**(ورزشی مقابلہ جات خدام)**

☆فٹ بال ☆والی بال ☆میراتھن ☆نیشنل کبڈی ☆رسہ کشی ☆کرکٹ

☆میوزیکل چیئر(+30) ☆بیڈمنٹن سنگل☆بیڈمنٹن ڈبل(+30) ☆دوڑسو میٹر

## ضروری ہدایت:

(1)ورزشی مقابلہ جات کیلئےTeam Eventsمیں رجسٹریشن کروائی جائے گی اور رجسٹریشن کے مطابق Teams تشکیل دی جائے گی۔(2)مبلغین و معلمین کرام اس مجلس کی نمائندگی کریں گے جہاں وہ متعین ہیں۔(3)پنجاب کے کوٹا میں قادیان کے خدام شامل نہ ہوسکیں گے۔(4)ورزشی مقابلہ جات میں ضروری نہیں کہ عالمی قواعد کے مطابق فیصلے کئے جائیں۔(5)انتظامیہ کے ساتھ تعاون نہ کرنے والی اور کسی بھی قسم کا باغیانہ یا عدم اطاعت رویہ دکھانے والے خدام/ٹیمز کو اسی وقت اجتماع سے خارج کردیا جائے گا اور مجلس کے وقار کے خلاف کام کرنے والے خدام پر آئندہ جماعتی پروگرامز میں شامل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔(6)ریفری کا فیصلہ آخری ہوگا اسکی پابندی کرنا لازمی ہے۔(7)احمدی خدام و اطفال کو ہی اجتماع کے کسی علمی یا ورزشی مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

## (علمی مقابلہ جات اطفال)

اطفال کیلئے حزب کی درجہ بندی درج ذیل تفصیل کے مطابق ہوگی

(1) گروپ الف: 13 سے 15 سال تک اطفال (یکم نومبر 2010 تا 31/اکتوبر 2013)

(2) گروپ ب: 10 سے 12 سال تک اطفال (یکم نومبر 2013 تا 31/اکتوبر 2016)

(3) گروپ ج: 7 سے 9 سال تک کے اطفال (یکم نومبر 2016 تا 31/اکتوبر 2018)

نوٹ : جملہ حفاظ اطفال مقابلہ حسن قرأت میں گروپ الف میں حصہ لیں گے۔

☆ **مقابلہ حسن قرأت:** (وقت ڈیڑھ منٹ، ہر سہ گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا)

حزب (الف، ب) کیلئے سورۃ بنی اسرایل آیت 24، 25 یا آیت الکرسی رکھی گئی ہیں۔

گروپ (ج) کے اطفال کوئی بھی سورۃ پڑھی جا سکتے ہیں۔

☆ **مقابلہ نظم خوانی:** (وقت ڈیڑھ منٹ) یہ مقابلہ تینوں گروپ کا الگ الگ ہوگا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام، خلفاء کرام اور مشہور احمدی شعراء کے کلام میں سے نظم پڑھی جا سکتی ہے۔

☆ **مقابلہ تقاریر:** (وقت 2 منٹ) تینوں گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا۔

عناوین حزب (الف، ب) (1) ہمارا خدا زندہ خدا (2) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچوں کے ساتھ حسن سلوک (3) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا عشق الٰہی (4) قمر ہے چاند اوروں کا ہمارا چاند قرآن ہے

عناوین حزب (ج) (1) نماز دین کا ستون ہے (2) مسجد کے آداب (3) اطاعت والدین

☆ **مقابلہ کوئز (QUIZ):** (2/اطفال پر مشتمل اٹیم) نصاب: کتاب دینی معلومات مکمل، کتاب کامیابی کی راہیں (حصہ قمر اطفال مکمل) اور جنرل نالج Current Affairs

☆ **مقابلہ حفظ قصیدہ:** مکمل 70/اشعار سنانے والے اطفال کو انعام اوّل دیا جائے گا۔ البتہ حزب (ج) کیلئے 35/اشعار سنانے والے کو انعام اوّل دیا جائے گا۔

☆ **مقابلہ حفظ قرآن مجید:** حزب (الف و ب) کیلئے نصاب میں سورۃ البقرۃ کی ابتدائی 17 آیات اور عم پارہ کی آخری پندرہ (15) سورتیں جبکہ حزب (ج) کیلئے عم پارہ کی آخری دس (10) سورتیں مقرر کی گئی ہیں۔

☆ **مقابلہ بیت بازی** (4اطفال پر مشتمل اٹیم) ☆ **وعدہ اطفال الاحمدیہ** (برائے حزب ج)

☆ **مقابلہ حفظ عہد وفائے خلافت** (برائے حزب الف و ب)

☆ **حفظ الہامات حضرت مسیح موعود علیہ السلام**

(الف) کوئی 15/الہامات (ب) کوئی 10/الہامات (ج) کوئی پانچ الہامات

☆ **حفظ چہل احادیث** (الف)40احادیث (ب)30احادیث (ج)15احادیث

☆ **حفظ شرائط بیعت** (الف)10 شرائط (ب)7شرائط (ج)5شرائط

☆ **حفظ قرآنی دعائیں** (الف)10 دعائیں (ب)7دعائیں (ج)5دعائیں

☆ **حفظ خصوصی دعائیں** (صرف حزب (ج) کیلئے) محفوظ قلعے میں داخل ہونے کی تحریک از حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ فرمودہ خطبہ جمعہ 23/اگست 2024

❁ اگر کوئی طفل عم پارہ مکمل زبانی حفظ کرے گا تو اسے خصوصی انعام دیا جائے گا۔

## (ورزشی مقابلہ جات اطفال)

(1) فٹ بال (2) دوڑ سومیٹر (3) بیڈمنٹن سنگل (4) نیشنل کبڈی (5) نشانہ غلیل

اسکے علاوہ گروپ (ج) کی دلچسپ کھیلیں ہوں گی

## تفصیلی پروگرام سالانہ ضلعی اجتماعات 2025-26

مذکورہ بالا پروگرام کے مطابق انڈیا کی تمام مجالس میں سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی کوشش کریں۔ سالانہ اجتماع کے انعقاد کے تعلق سے جملہ پلاننگ اور تاریخوں کا تعین کر کے سال کے شروع میں ہی دفتر خدام الاحمدیہ بھارت سے منظوری حاصل کریں۔

اپنے مقامی حالات کے مطابق اجتماعات کے انعقاد کی تیاری کریں اور اسی تفصیلی اجازت کی کارروائی کم از کم دو (2) ماہ قبل کر لیں۔ کوشش کریں کہ اگست 2026 سے قبل ہی اجتماع کا انعقاد کیا جائے۔

# ❁ سالانہ کیلنڈر بابت سال 2025-26ء ❁

| | |
|---|---|
| نومبر 2025 | ❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 23 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل (خدام واطفال)<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁ 21 تا 27 تاریخ - پہلا ہفتہ مال (تشخیص بجٹ کی کاروائی کریں)<br>❁ 23 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں)<br>❁ تحریک جدید کی مالی قربانی میں شامل خدام کی فہرست<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ تربیتی اجلاس کے بعد تمام خدام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔ قائد مجلس ان خطوط کو بھجوانے کا انتظام کریں<br>❁ قائد مجلس اور اراکین مجلس عاملہ لائحہ عمل کا مطالعہ کریں اور ریفریشر کورس کا اہتمام کریں<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں |
| دسمبر 2025 | ❁ 7 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے |

| | |
|---|---|
| دسمبر<br>2025 | ❁ 7 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (دوران ماہ کی رپورٹ کا جائزہ لیں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں نیز جلسہ سالانہ قادیان میں خدام کو شامل کرنے کا پروگرام مرتب کریں)<br>❁ 15 تاریخ۔تجنید و تشخیص بجٹ فارم پُر کر کے مرکز کو روانہ کریں<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔<br>❁ تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔قائد مجلس ان خطوط کو بھجوانے کا انتظام کریں |
| جنوری<br>2026 | ❁ 4 تاریخ۔باجماعت نماز تہجد، وقار عمل (خدام و اطفال)<br>❁ 5 تاریخ۔ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 5 تا 11 تاریخ۔پہلا ہفتہ تبلیغ (اس ہفتہ میں ایک مجلس سوال و جواب کا انعقاد ہو، بُک اسٹال لگایا جائے، تبلیغی کلاسز کا اہتمام ہو)<br>❁ 4 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام و اطفال)<br>❁ خدام کو وقف عارضی کی تحریک کی جائے اور منظم پلاننگ کے ساتھ خدام کو وقف عارضی کیلئے بھجوانے کا انتظام کریں<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ اطفال ننھے مجاہدین وقف جدید کی فہرست تیار کر کے مرکز کو بھجوائیں<br>❁ آڈٹ رپورٹ تیار کر کے مرکز بھجوائیں |

| | |
|---|---|
| فروری<br>2026 | ❁ 8 تاریخ- باجماعت نمازتہجد، وقارعمل ( خدام واطفال )<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے ( خدام/ اطفال )<br>❁ 15 تاریخ - حفظ متن پیشگوئی مصلح موعودؓ کے مقابلہ کا اہتمام کریں<br>❁ 15 تاریخ - اجلاس مجلس عاملہ ( رپورٹ/ پلاننگ ) ( خدام واطفال )<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت اقدس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁ 15 تاریخ - پہلا امتحان دینی نصاب لینا ہے<br>❁ 16 تاریخ - سیمینار بعنوان ’’کامیاب عائلی زندگی کا گُر‘‘ |
| مارچ<br>2026 | ❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے ( خدام/ اطفال )<br>❁ 8 تاریخ - باجماعت نمازتہجد، وقارعمل<br>❁ 8 تاریخ- مقابلہ حسن بیان کا اہتمام کیا جائے<br>❁ 8 تاریخ- اجلاس مجلس عاملہ ( رپورٹ/ پلاننگ ) ( خدام واطفال )<br>❁ 22 تاریخ مثالی وقارعمل (World Water Day)<br>❁ 22 تاریخ- بلڈ ڈونیشن کیمپ کا اہتمام<br>❁ 22 تاریخ: جملہ خدام واطفال کا طبی معائنہ اور بلڈ گروپنگ کریں، جلسہ حفظان صحت منعقد کریں |

| | |
|---|---|
| مارچ 2026 | ❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے |
| اپریل 2026 | ❁ 5 اریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 1 تا 7 تاریخ - ہفتہ اطفال کا اہتمام ( پکنک اور سائکلنگ کا اہتمام کیا جائے )<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے ( خدام/ اطفال )<br>❁ 6 تا 12 تاریخ - دوسرا ہفتہ مال<br>❁ 12 تاریخ - یوم والدین کا انعقاد، بُک بنک قائم کریں اور خدام و اطفال کو حصہ لینے کی تحریک کریں<br>❁ 12 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ ( اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں ) ( خدام و اطفال )<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ آڈٹ رپورٹ مرکز کو بھجوائیں<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے |

| | |
|---|---|
| اپریل 2026 | ❁22اپریل کو یوم شجر کاری منایا جائے(Earth Day)<br>❁7اپریل کو فری میڈیکل کیمپ(World Health Day)<br>❁20 تا26 تاریخ۔دوسرا ہفتہ تبلیغ (اس ہفتہ میں ایک مجلس سوال وجواب کا انعقاد ہو، بُک اسٹال لگایا جائے،تبلیغی کلاسز کا اہتمام ہو) |
| مئی 2026 | ❁10 یا17 تاریخ۔باجماعت نماز تہجد، وقارِعمل<br>❁5 تاریخ۔ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے(خدام/اطفال)<br>❁24 تاریخ۔کلوا جمیعًا و پکنک (خدام واطفال)<br>❁24تاریخ۔اجلاس مجلس عاملہ(رپورٹ/ پلاننگ)(خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁25 تاریخ۔دوسرا امتحان دینی نصاب لینا ہے |
| جون 2026 | ❁1 تا7 تاریخ: ہفتہ مال<br>❁7 تاریخ۔باجماعت نماز تہجد<br>❁5 تاریخ۔ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے(خدام/اطفال)<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁7 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ(اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں)(خدام واطفال) |

| | |
|---|---|
| جون 2026 | ❁ 6 جون کو یوم شجر کاری (World Environment Day)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔<br>❁ تمام خدام و اطفال حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ 14 تاریخ کو سیمینار بعنوان ''حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مقام و مرتبہ''<br>❁ 14 تاریخ بلڈ ڈونیشن کیمپ (World Blood Donor Day) |
| جولائی 2026 | ❁ 5 تاریخ۔ با جماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 5 تاریخ۔ ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 6 تا 12 تاریخ۔ تربیتی کلاسز برائے نو مبائعین<br>❁ 12 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام و اطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ آڈٹ رپورٹ مرکز کو ارسال کریں<br>❁ سالانہ رپورٹ خدام و اطفال مرکز بھجوائیں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے |
| اگست 2026 | ❁ 15 تاریخ۔ با جماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 5 تاریخ۔ ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال) |

| | |
|---|---|
| اگست<br>2026 | ❁16 تاریخ ۔یوم والدین کا انعقاد کریں<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، حصہ سوم<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ 16 تاریخ کو تیسرا امتحان<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁16 تاریخ ۔سیمینار بعنوان ''قرآن کریم اور سائنس'' منعقد کیا جائے<br>❁ 16 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ 15 تاریخ کو یوم آزادی کی تقریب منعقد کی جائے اور خدمت خلق کے مختلف کام کئے جائیں |
| ستمبر<br>2026 | ❁5 تاریخ ۔ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁4 تاریخ ۔باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 3 تا 9 تاریخ ۔تیسرا ہفتہ تبلیغ (اس عرصہ میں) محفل سوال و جواب، اور تبلیغی کلاسز کا اہتمام کریں) (International Peace Day)<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁ کلوا جمیعًا (خدام واطفال) اپنی سہولت کے مطابق<br>❁ تربیتی اجلاس ۔جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں |

| | |
|---|---|
| ستمبر 2026 | ❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ 20 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں |
| اکتوبر 2026 | ❁ 5 تاریخ: باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁ 5 تاریخ- ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 4 تاریخ- اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس۔ جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔<br>❁ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز<br>❁ سالانہ مرکزی اجتماع میں شرکت کی طرف خدام واطفال کوتوجہ دلائیں<br>❁ اس ماہ کم ازکم پانچ یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں<br>❁ 2 تاریخ کو پکنک کا پروگرام منعقد کیا جائے جس میں حفظان صحت کے تعلق سے خدام کوتوجہ دلائی جائے |

دعا ہے اللہ تعالیٰ تمام خدام واطفال کو مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا لائحہ عمل اور دستور اساسی کو ملحوظ رکھتے ہوئے سالانہ پروگرام میں درج پروگرامز احسن رنگ میں منعقد کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین) ❁❁❁